## سوال

(13)میری بیوی سید صاحب سے اب بھی پڑھ سکتی ہے۔؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی بچپن میں ایک سید صاحب سے قرآن پڑھا کرتی تھی۔کیا اب بھی اُن سے پڑھ سکتی ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر پردے میں بیٹھ کر پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتی ہے۔بشرط یہ ہے کہ گھر کے اور لوگ بھی موجود ہوں۔تنہائی نہ ہو۔اگر خاوند یا کوئی محرم پڑھاسکے تو بہت بہتر ہے۔(اخبار اہل حدیث سوہدروی جلد10ش12)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

## جلد12ص121

محدث فتویٰ